

میٹنیسوٹا ریاستی میلہ کے رنگین مناظر جنھوں نے اگست ۲۰۰۷ میں تقریباً ۱.۷ لاکھ افراد کو اپنی جانب متوجہ کیا۔

نیچے: آرٹسٹ رابن برتھ ۲۳ کلو گرام کی ایک گائے پر نقش و نگار بناتے ہوئے جو کہ ۲۰۰۱ کے میٹنیسوٹا ریاستی میلہ میں نمائش کا ایک حصہ تھی۔

امریکہ کے دیہی علاقوں میں فصل کٹائی میلے

کیتھرن میک کونل

ہر سال پورے امریکہ میں فصل کی کٹائی کے سیزن کا آغاز تیوہاروں جیسے سماجی اجتماعات کے ساتھ ہوتا ہے جن میں بوڑھے، جوان، شہری، دیہاتی ہر طرح کے شہریوں کی بہترین امنگوں کی تکمیل ہوتی ہے۔

یہ سالانہ میلے سب کے لئے کھلے ہوتے ہیں۔ ان کے دوران تھوڑی نمائش بھی ہوتی ہے، تھوڑا جشن بھی منایا جاتا ہے اور تھوڑا نہ صرف نئی تکنالوجی بلکہ کھانے پینے کی نئی اشیاء کے بارے میں جاننے اور سیاسی امیدواروں کے بیانات سننے کا موقع بھی فراہم ہوتا ہے۔ یہ میلے علاقائی سطح پر بھی لگتے ہیں، کاؤنٹی کی سطح پر بھی اور زیادہ بڑی یعنی ریاستی سطح پر بھی۔

کچھ ریاستی میلوں کی کہانیاں بہت پرانی ہیں۔ ۱۹ویں صدی کے وسط سے ان کا پتہ لگنے لگتا ہے۔ بہت بڑے میلوں میں کچھ میلے ان ریاستوں میں لگائے جاتے ہیں جہاں کی مقامی معیشت میں آج بھی کھیتی باڑی کا رول اہم ہے۔ ان میں وسطی مغربی ریاستیں، جیسے کہ مینیسوٹا اور آیوا اور مغربی ریاستیں جیسے کہ کیلی فورنیا شامل ہیں۔

کچھ جنوبی ریاستوں میں، جہاں فصل کا موسم طویل ہوتا ہے، آتے جاڑوں میں فصل کٹائی میلہ لگتا ہے۔ اس وقت دیگر ریاستوں اور بیرون ملک سے چھٹیاں منانے کیلئے امریکہ آنے والوں کو بھی ان میلوں میں شرکت کا موقع ملتا ہے۔ کٹے پھلوں کی پیداوار کے حوالے سے ایک بڑی ریاست فلوریڈا ہے، جہاں سیاحت کی صنعت بہت بڑی ہے، اس ریاست میں فصل کٹائی میلہ وسط فروری میں لگتا ہے۔

ان تمام برسوں کے دوران میلوں کے منتظمین نے میلے کے دائرہ کار میں اضافہ کرکے زراعت کو فروغ دینے کے مقاصد میں کسانوں کو نئے خیالات اور نئی تکنیک سے واقف کرانے کا مقصد بھی شامل کرلیا ہے اور اسی لئے مختلف زمروں جیسے کہ فائن آرٹس، دست کاری، کھانا پکانا اور سائنس میں مقابلوں کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ تاہم بہت سی ریاستوں میں مقابلے کے سب سے بڑے پروگرام زراعت پر ہی مبنی ہیں۔

بیشتر میلوں کے دوران مقابلوں میں جیتنے والوں کو نقد انعام دئے جاتے ہیں۔ ان مقابلوں میں یہ دیکھا جاتا ہے کہ گائے کے کسی صحت مند بچے کی پرورش کیسے کی گئی ہے یا نرم موٹے اون کی کھال والی کسی بھیڑ کو کیسے پوسا گیا ہے۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ بہترین پائی پکانے والے یا انتہائی پیچیدہ زردوزی کا کام انجام دینے والے کو انعام سے نوازا جائے۔ میلے میں چونکہ بڑی تعداد میں لوگ شرکت کرتے ہیں اسلئے بڑے ہجوم کی موجودگی کا فائدہ اٹھا کر سیاست داں گھنٹوں دھوپ میں یا بارش میں کھڑے رہ کر حالات حاضرہ کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہیں اور وہاں موجود لوگوں میں سے کوئی اگر سوال کرے تو اس کا جواب دیتے ہیں۔

عہدہ صدارت کے لئے ریپبلکن پارٹی کے امیدوار بننے کے خواہشمند اداکار اور سابق سنیٹر فریڈ تھومپسن اگست ۲۰۰۷ کے مینیسوٹا ریاستی میلہ میں مہم چلاتے ہوئے۔

کسی بھی ایسے میلے میں نمائش کے لئے رکھی گئی چیزوں کو دیکھنے کے بعد لوگ شام کے وقت کارنیول یا موسیقی اور نغمہ والے علاقے میں چلے جاتے ہیں تاکہ شام تفریح کے ساتھ مکمل ہو۔

مینیسوٹا کی راجدھانی سینٹ پال میں اگست میں مینیسوٹا ریاستی میلے کا انعقاد ہوا۔ یہ میلہ ۱۸۵۹ سے شروع ہوا ہے اور تب سے اب تک صرف پانچ بار اس میں رکاوٹ آئی ہے۔ ۱۸۶۱ اور ۱۸۶۲ میں یہ رخنہ 'خانہ جنگی اور ڈکوٹا انڈین لڑائی کی وجہ سے '۱۸۹۳ میں شکاگو میں عالمی کولمبیائی جشن کے دوران تصادم کی وجہ سے '۱۹۴۵ میں زمانہ جنگ کے دوران ایندھن کی قلت کی وجہ سے اور ۱۹۴۶ میں پولیو کی وبا پھیل جانے کی وجہ سے پڑا۔

۱۲ دن کے مینیسوٹا میلے کے دوران شہری علاقوں کے بچے، جو کھیتوں کی زندگی کے بارے میں صرف ٹیلی ویژن اور فلموں کے ذریعہ کچھ جان سکتے ہیں، گایوں، خنزیروں، مرغوں اور خرگوشوں کو بالکل پاس سے جاکر دیکھ سکتے ہیں، جن کی پرورش دیہات کے بچوں نے کی ہوتی ہے۔

۲۰۰۷ کے مینیسوٹا میلے میں تقریباً ۱.۷ لاکھ لوگ شریک ہوئے جہاں بے قابو گھوڑے کی سواری، ٹریکٹر کھینچنے کے مقابلوں، نیلامیوں اور کھیلوں سے مختلف ذوق کے لوگوں کی تسلی کا سامان کیا گیا۔ اسی طرح کھانے پینے کی بھی بہت سی ذائقہ دار اشیاء جیسے کہ ایپل فرائی، لکڑی کی کانٹی میں پھنسا کر بنائے گئے کوکوکولا چیز کیک جنہیں بعد ازاں چاکلیٹ میں ڈبویا جاتا ہے، لکڑی کی کانٹی میں تلے ہوئے پھل اور پینٹ بٹر ہاٹ ڈاگ وغیرہ شامل ہیں، وہاں موجود تھیں۔ ۲۰۰۷ کے اس میلے میں کچھ نئی چیزیں بھی شامل ہوئیں جن میں دودھ دوہنے والا روبوٹ، شراب کا ذائقہ معلوم کرنے کے لئے نمائش اور ورائٹی شو بھی تھے۔ ورائٹی شو میں کامیڈین، جادوگر اور کرتب بازوں نے حصہ لیا۔ اب جب کہ کھلیان خالی ہوچکے ہیں، بھیڑ رخصت ہوچکی ہے، لوگ اگلے سال کے فصل کٹائی میلے میں شرکت کی تیاریوں میں لگ گئے ہیں۔

بیشتر میلوں کے دوران مقابلوں میں جیتنے والوں کو نقد انعام دئے جاتے ہیں۔ مثلاً گائے کے کسی صحت مند بچے یا موٹے اون کی کھال والی کسی بھیڑ کی پرورش کرنے یا بہترین پائی پکانے والے یا انتہائی پیچیدہ زردوزی کا کام انجام دینے والے کو انعام سے نوازا جاسکتا ہے۔

کیتھرن میک کونل یو ایس انفو سے وابستہ قلمکار ہیں۔

مزید معلومات کے لئے:

مینیسوٹا اسٹیٹ فیئر
http://www.mnstatefair.org/
امریکہ میں ریاستی میلوں کی ڈائریکٹری
www.ncstatefair.com